سوال

(130) کتابیہ میں مجوسیہ شامل ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کتابیہ میں مجوسیہ شامل ہے یا نہیں؟ آجکل بہت سے عیسائی سائنس وغیرہ کے اثرات سے سوائے نام کے درحقیقت عیسائی نہیں بلکہ تمام مذہبی کتابوں کو لوپھا اور نبیوں رشیوں کو مجدد یا ریفارمر خیال کرتے ہیں۔ لہذا اس قسم کی عیسائی عورت سے نکاح جائز ہوگا یا نہیں دوم اسی خیال کی اگر ایک مجوسی عورت ہے (پارسی) اس سے شادی جائز ہوگی یا نہیں حالانکہ خالق ارض وسماء کو ایک مانتی ہو اور آگ کی پرستش غیر مذہب فضول سمجھ کر اس کے خاندان میں سے ہٹائی گئی ہو۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

مجوسی کو کتابی کہنے کا ثبوت قوی نہیں ہے۔ عیسائی چاہے مذہب کے احکام سے کتنے بے خبر ہوں۔ مگر ان کو دعویٰ ہوتا ہے کہ ہم عیسائی ہیں۔ اس لئے دنیاوی احکام سے ان کو اس مقوم میں شمار کیا جاتا ہے۔ ورنہ یوں تو مسلمان بھی بہت سے بے خبر ہیں۔ بس عیسائی کتابی ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01ص348

محدث فتویٰ